کنزالمدارس بورڈ کے نصاب میں شامل کتاب اتحاف المسلم کے 40% نصاب کے معروضی سوالات

# اِتحافُ المسلم

## معروضی سوالات

## (MCQ's)

حضرت علامہ مولانا

محمد ابوبکر صدیق عطاری مدنی

مدرس: مرکزی جامعۃ المدینہ جڑانوالہ

(1) کتاب اتحاف المسلم کے مصنف کا نام ہے؟

(الف) جلال الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ　**(ب) یوسف بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ**　(ج) شیخ احمد فرید رحمۃ اللہ علیہ　(د) شاہ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہ

(2) علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ کب پیدا ہوئے؟

(الف) 1298ھ　(ب) 1340ھ　**(ج) 1265ھ**　(د) 1350ھ

(3) قصبہ اجزم کہاں واقع ہے؟

(الف) مصر میں　**(ب) فلسطین میں**　(ج) شام میں　(د) حجاز مقدس میں

(4) جامعہ الازہر کہاں واقع ہے؟

(الف) سعودی عرب میں　(ب) فلسطین میں　(ج) شام میں　**(د) مصر میں**

(5) علامہ یوسف نبہانی رحمۃ اللہ علیہ کس مذہب کے تھے؟

(الف) حنفی　**(ب) شافعی**　(ج) مالکی　(د) حنبلی

(6) امام نبہانی علیہ الرحمہ کے والد کا نام کیا ہے؟

(الف) عمار بن یاسر رحمۃ اللہ علیہ　(ب) عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ　**(ج) اسماعیل بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ**　(د) ابراہیم بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(7) علامہ نبہانی رحمتہ اللہ علیہ کا وصال مبارک کب ہوا؟

(الف) 1298ھ　(ب) 1340ھ　(ج) 1265ھ　**(د) 1350ھ**

(8) آپ کی کونسی کتاب سب سے پہلے شائع ہوئی؟

**(الف) الشرف المؤبد**　(ب) اتحاف المسلم　(ج) سعادۃ الدارین　(د) تفسیر کبیر

(9) کتاب اتحاف المسلم میں کتنی احادیث موجود ہیں؟

(الف) تقریبا700　**(ب) تقریبا1000**　(ج) تقریبا3000　(د) تقریبا4500

(10) کتاب۔الترغیب والترھیب کس بزرگ کی ہے؟

(الف) سعد الدین تفتازانی　(ب) یوسف بن اسماعیل　(ج) امام غزالی　**(د) زکی الدین عبد العظیم امام منذری**

# کتاب الایمان

(11) قال رسول اللہ ﷺ انطلق ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نفر ممّن کان قبلکم؟

(الف)اربعون (ب)خمسون **(ج)ثلاثة** (د)ثانية

(12) پہلے شخص کی نیکی کیا تھی؟

(الف)مزدور کی اجرت وقت پر ادا کرنا **(ب)والدین کی خدمت** (ج)حلال روزی (د)گناہ سے توبہ

(13) دوسرے شخص کی نیکی کیا تھی؟

(الف)مزدور کی اجرت ادا کرنا (ب)والدین کی خدمت (ج)حلال روزی **(د)گناہ سے توبہ**

(14) انّما ینصر اللّٰہُ ھذہ ۔۔۔۔۔۔۔بضعیفھا۔

(الف)القوم (ب)البلدۃ **(ج)الامّۃ** (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

(15) بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے۔۔۔۔۔۔کی طرف دیکھتا ہے؟

(الف)جسموں (ب)نیتوں (ج)صورتوں **(د)دلوں**

(16) انّما الاعمال۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف)بالصّلاۃ (ب)بالصّدق **(ج)بالنیّۃ** (د)الفعل

(17) اگر بندہ کسی نیکی کا ارادہ کرے پھر اس پر عمل کرلے تو وہ کتنی لکھی جاتی ہے؟

(الف)1 سے 10 گناہ (ب)10 سے 70 گناہ (ج)70 سے 700 گناہ **(د)10 سے 700 گناہ**

(18) صدقہ دینے والے نے سب سے پہلے ناواقفیت میں کس کے ہاتھ پر رکھ دیا؟

**(الف)چور کے** (ب)زانیہ (ج)مالدار کے (د)فقیر کے

(19) صدقہ دینے والے نے دوسری مرتبہ ناسمجھی میں کس کے ہاتھ پر رکھ دیا؟

(الف)چور کے **(ب)زانیہ** (ج)مالدار کے (د)فقیر کے

(20) صدقہ دینے والے نے تیسری مرتبہ انجانے میں کس کے ہاتھ پر رکھ دیا؟

(الف)چور کے (ب)زانیہ کے **(ج)غنی کے** (د)فقیر کے

(21) قیامت کے دن سب سے پہلے کس شخص کے بارے میں فیصلہ سنایا جائے گا؟

(الف)حافظ قرآن (ب)عالم دین **(ج)شہید** (د)شرابی

(22) قیامت کے دن دوسرے نمبر پر کس شخص کے بارے میں فیصلہ سنایا جائے گا؟

(الف)حافظ قرآن **(ب)عالم دین** (ج)شہید (د)شرابی

(23) قیامت کے دن تیسرے نمبر کس شخص کے بارے میں فیصلہ سنایا جائے گا؟

(الف) حافظ قرآن (ب) عالم دین (ج) شہید **(د) مالدار**

(24) مَنْ۔۔۔۔۔۔۔۔۔سَمّعَ اللّٰہُ بہ۔

**(الف) سمّع** (ب) يُرأى (ج) يقبل (د) ينظر

(25) قال عمر رضی اللہ عنہ واللہ أنّی لأعلم أنک۔۔۔۔۔۔۔۔لاتضر ولا تنفع۔

(الف) الخشبة (ب) الاسود **(ج) حجر** (د) لاشئ

(26) من احدث فی امرنا هذا ما ليس منه فهو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) مقبول (ب) باطل (ج) مفسد **(د) ردّ**

(27) مذکورہ حدیث پاک کے راوی کون ہے؟

(الف) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا (ب) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما (ج) حضرت انس رضی اللہ عنہ (د) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(28) قال رسول اللہ ﷺ خير الحديث كتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) البخاری (ب) المسلم (ج) محمد رسول ﷺ (د) اللہ

(29) خيرُ الهدٰی۔۔۔۔۔۔۔محمد ﷺ۔

(الف) الرسالة (ب) مدينة **(ج) هُدٰی** (د) اصحاب

(30) قال رسول اللہ ﷺ شر الامور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وكل بدعة ضلالة۔

(الف) بدعتها (ب) مالاً (ج) الدنيا **(د) محدثتها**

(31) قال رسول اللہ ﷺ۔من۔۔۔۔۔ عن سنّتی فليس منّی۔

(الف) فعل **(ب) رَغِبَ** (ج) تَرَكَ (د) فَسَدَ

(32) جو قوم صبح صبح رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی ان کے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھی؟

(الف) کثیر چاندی (ب) بہت زیادہ سونا (ج) کچھ بھی نہیں **(د) محض صوف کی چادریں**

(33) جو قوم صبح صبح رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی ان میں سے اکثر کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

**(الف) قبیلہ مضر** (ب) قبیلہ خزرج (ج) قبیلہ بنوہاشم (د) قبیلہ نضر

(34) حضور، ﷺ نے فرمایا کہ دنیا میں جو بھی ظلماً قتل ہوتا ہے اس کا بوجھ کس کو جاتا ہے؟

(الف) ہر قاتل کو | (ب) قاتل کی مدد کرنے والے کو | **(ج) قابیل کو** | (د) کسی کو بھی نہیں

(35) من سنّ فی ـــــــ سنة حسنة فله اجرھا۔

**(الف) اسلام** | (ب) دین | (ج) سنّتی | (د) فی مذہب

(36) دنیا میں سب سے پہلے قتل کس نے کیا؟

(الف) نمرود نے | (ب) فرعون نے | (ج) ہابیل نے | **(د) قابیل نے**

## کتاب العلم

(37) من یرد اللّٰہ بہ خیرا ـــــــــــــ فی الدین۔

(الف) یدّرس | (ب) یفضّل | **(ج) یفقّه** | (د) یعلّم

(38) مذکورہ حدیث پاک کے راوی کون ہیں۔

(الف) حضرت عمر رضی اللہ عنہ | (ب) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | (ج) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ | **(د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ**

(39) "کُرْبَۃ" کا معنی ہے۔

(الف) پریشانی | (ب) تکلیف | (ج) مشکل | **(د) یہ سب**

(40) اللہ تعالیٰ اس بندے کی مدد میں رہتا ہے جو ـــــــ مدد میں رہتا ہے؟

**(الف) مسلمان بھائی کی** | (ب) والدین کی | (ج) دوست کی | (د) پڑوسی کی

(41) جو شخص علم کے حصول کے لیئے کسی راستے پر چلتا ہے۔اللہ تعالیٰ اس کے لئے ـــــــــــ آسان کر دیتا ہے۔

(الف) علم کا راستہ | **(ب) جنت کا راستہ** | (ج) ہدایت کا راستہ | (د) نیکی کا راستہ

(42) قال رسول ﷺ لا حسدَ الّا فی ـــــــــــ

**(الف) اثنتین** | (ب) ثانیین | (ج) رابعین | (د) خامسین

(43) جس شخص نے اللہ کے دین کی سمجھ بوجھ حاصل کی اور اس سے نفع حاصل کیا علم سیکھا اور آگے سیکھایا اس کی مثال کس زمین کی طرح ہے؟

(الف) چٹیل | (ب) ہموار | (ج) خشک | **(د) پاک اور نرم**

(44) جو شخص ہدایت کی طرف سر اٹھا کر نہیں دیکھتا اور ہدایت کو قبول نہیں کرتا اس مثال کس کی طرح ہے؟

**(الف)چٹیل** (ب)ہموار (ج)خشک (د)پاک اور نرم

(45) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب انسان مر جاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے مگر۔۔۔۔ چیزوں میں جاری رہتا ہے۔

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) سات

(46) قال رسولُ ﷺ ۔من کذب علیّ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مقعدہ من النار۔

(الف)فلیقعد (ب)فلیتبوّأ (ج)فلیضرب (د)فیعذّب

(47) قال نبی اللہ ﷺ من حدّث عنّی بحدیث یُرَی أنّه ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف)أحد المنافقین (ب)أحد المشرکین **(ج)أحد الکاذبین** (د)أحد المسلمین

(48) رسول اللہ ﷺ شہداء احد والوں میں قبر میں مقدم کس کو کرتے؟

(الف)زیادہ صدقہ دینے والے کو (ب)زیادہ نیکیاں کرنے ولے کو (ج)زیادہ نماز والے کو **(د)زیادہ قرآن والے کو**

(49) قال رسول اللہ ﷺ: من دلّ علی۔۔۔۔۔۔فله مثل أجر فاعله۔

(الف)خیر (ب)صدق (ج)کذب (د)طریق

(50) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے گناہ کی طرف بلایا تو اسے اس گناہ کا ارتکاب کرنے والوں کے۔۔۔۔۔ ملے گا۔

(الف)برابر ثواب **(ب)برابر گناہ** (ج)برابر مال (د)برابر سونا

(51) رسول اللہ ﷺ نے کون سے علم سے پناہ مانگی۔

(الف)جو عزت نہ دے (ب)جو نقصان نہ دے **(ج)جو نفع نہ دے** (د)جو نفع دے

(52) حضور ﷺ نے کون سی دعا سے پناہ مانگی۔

(الف)جو قبول ہو (ب)جو نفع نہ دے (ج)جو مردود **(د)جو قبول نہ ہو**

(53) اللہ کے نبی ﷺ نے کس دل سے پناہ مانگی۔

**(الف)جس میں خشوع نہ ہو** (ب)جس میں خوف نہ ہو (ج)جس میں درد نہ ہو (د)جس میں احساس نہ ہو

(54) رسول اللہ ﷺ نے کون سے نفس (جان) سے پناہ مانگی۔

(الف)جو نیکی نہ کرے **(ب)جو سیر نہ ہو** (ج)جو رحم نہ کرے (د)جو پیار نہ کرے

(55) معراج کی رات حضور ﷺ کا گزر کچھ ایسے لوگوں کے پاس سے ہوا جن کے ہونٹوں کو آگ کی قینچیوں کے ذریعے کاٹا جا رہا تھا۔ وہ لوگ کون تھے؟

(الف)غیبت کرنے والے (ب)بدکار (ج) قاری **(د)بے عمل خطیب**

(56) حضرت موسیٰ علیہ السلام سے جب سوال ہوا کہ لوگوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ تو آپ نے جواب میں فرمایا۔۔۔۔

(الف) اللہ عزوجل (ب) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (ج) حضرت خضر علیہ السلام **(د) میں ہوں**

(57) حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام دریا کے کنارے چل رہے تھے ان کے پاس کیا چیز نہیں تھی؟

(الف) پانی (ب) کھانا **(ج) کشتی** (د) سواری

(58) چڑیا۔۔۔۔ آ کر بیٹھ گئی اور دریا سے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ چونچ مار کر پانی پیا۔

**(الف) کشتی کے کنارے پر** (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کندھے پر (ج) کشتی کے اندر (د) دریا کے کنارے پر

(59) فقال الخضر یا موسیٰ .مانقص علمی وعلمُکَ مِن علم اللّٰہ ألا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ھذا العصفور فی البحر۔

(الف) مارَفع **(ب) کنُقرۃ** (ج) کمَاءِ (د) مافسد

(60) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: أنّ أبغض الرّجال ألی اللہ ألاَلَدُّ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) العالم (ب) الجاھل (ج) الظالم **(د) الخصم**

## کتاب الطہارت

(61) رسول اللہ نے ۔۔۔۔ پانی میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے۔

(الف) بہتے **(ب) کھڑے ہوے** (ج) بیٹھے (د) کسی کی

(62) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے ان کو ہو رہا۔۔۔۔ تھا۔

**(الف) عذاب** (ب) سزا (ج) کاٹا جا رہا تھا (د) جلایا جا رہا تھا

(63) انسانوں کو قبر میں عذاب۔۔۔۔ ہو رہا تھا۔

(الف) کبیرہ گناہ کی وجہ سے (ب) پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے (ج) چغلی کی وجہ سے **(د) دوسرا اور تیسرا**

(64) اِنّ اُمّتی یوم القیامۃ ۔۔۔۔۔ من آثار الوضوء۔

(الف) غرالمحبین (ب) غرالمرفقین **(ج) غرالمحجلین** (د) غرالقعبین

(65) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری امت کے اعضاء چمکتے ہونگے۔۔۔۔۔ کی وجہ سے۔

(الف) مسواک (ب) طہارۃ **(ج) وضو** (د) غسل

(66) جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وضو کر رہے تھے تو آپ کے پیچھے کون سا شخص تھا۔

(الف) ابن عباس رضی اللہ عنہ (ب) ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہ (ج) ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ **(د) ابو حازم رضی اللہ عنہ**

(67) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وضو کرتے وقت بازوں کہاں تک دھو رہے تھے۔

(الف) کہنیوں تک (ب) کہنیوں سمیت **(ج) بغلوں تک** (د) آدھے بازوں تک

(68) قیامت کے دن وضو کرنے والے مومن کو پہنایا جائے گا۔

(الف) جبہ (ب) سرخ حلہ **(ج) زیور** (د) ہار

(69) نبی کریم قیامت کے دن اپنی امتیوں کا کہاں استقبال فرمائیں گے۔

**(الف) حوض پر** (ب) عرش کے نیچے (ج) باب جنت پر (د) پل صراط پر

(70) قیامت کے حضور اپنے امتیوں کو کیسے پہچانے گے۔

(الف) نیکیوں سے (ب) علم سے (ج) کپڑوں سے **(د) چمکتے اعضاء سے**

(71) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبرستان تشریف لائے تو آپ نے کونسے کلمات کہے۔

(الف) تم ہمارے بھائی ہو (ب) تمہاری بخشش کو **(ج) تم پر سلامتی ہو** (د) تم پر عذاب ہو

(72) جب بندہ مومن وضو کرتا ہے تو وہ کس حال میں نکلتا ہے۔

(الف) پاک صاف ہو کر (ب) ستھرا ہو کر (ج) تر ہو کر **(د) پہلے دونوں**

(73) من توضأ فأحسن الوضوء خرجت خطاياه من جسده حتى تخرج من تحت ـــــ

**(الف) اظفاره** (ب) اقدامه (ج) يديه (د) شعره

(74) کس صحابی نے وضو کیا اور کہا کہ رسول اللہ کو اس طرح وضو کرتے دیکھا۔

(الف) ابو بکر رضی اللہ عنہ (ب) بلال رضی اللہ عنہ (ج) ابن مسعود رضی اللہ عنہ **(د) عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ**

(75) حضرت عمرو بن عنبسہ رضی اللہ عنہ نے سنا کہ مکہ میں ایک آدمی جو ــــــــ ہے۔

(الف) نبوت کا دعویٰ کرتا ہے (ب) دم کرتا ہے (ج) مریضوں کو شفاء دیتا ہے **(د) غیب کی خبریں دیتا ہے**

(76) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" الطهور ـــــ الایمان۔

(الف) نصف (ب) کل **(ج) شطر** (د) جزء

(77) کتنے جملے میزان کو بھر دیتے ہیں۔

**(الف) دو** (ب) تین (ج) چار (د) سات

(78) "الصلاة" کیا ہے۔

**(الف) نور** (ب) حجة (ج) ضياء (د) برهان

(79) صبر کیا ہے

(الف) نور (ب) حجة **(ج) ضياء** (د) برهان

(80) صدقہ کیا ہے۔

(الف) نور (ب) حجة (ج) ضياء **(د) برهان**

(81) ناپسندیدگی کے وقت اچھی طرح وضو کرنا۔

(الف) خطاؤں کو مٹاتا ہے (ب) درجات بلند ہوتے ہیں (ج) کبیرہ گناہ معاف ہوتے ہیں **(د) پہلے دونوں**

(82) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لولا ان اشق علی امتی لامرتهم ـــــ

(الف) بالصلاة **(ب) بالسواک** (ج) بالوضوء (د) بالمشی

(83) مسواک منہ کی پاکی اور۔۔۔۔ہے۔

(الف) منہ کی صفائی (ب) رحمت کا سبب **(ج) رب کی رضا** (د) مغفرت

(84) جب نبی کریم ﷺ گھر میں تشریف لاتے تو سب سے پہلے۔۔۔کرتے۔

**(الف) مسواک** (ب) سلام (ج) دعا (د) تینوں

(85) ایک آدمی کی خشک ایڑیوں کو دیکھ کر "ویل للاعقاب من النار" کس نے پڑھا۔

**(الف) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ** (ب) عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (ج) عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ (د) شریح بن ھانی رضی اللہ عنہ

(86) جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں یہ کس کی فضیلت ہے۔

(الف) نماز کی (ب) صلوۃ الوضوء پڑھنے کی **(ج) وضو کے بعد کلمہ پڑھنے کی** (د) ان میں کوئی نہیں

(87) حضور ﷺ نے جنت میں قدموں کی آہٹ کس صحابی کی سنی۔

**(الف) حضرت بلال رضی اللہ عنہ** (ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ج) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ

(88) حضرت حمران رضی اللہ عنہ کس کے آزاد کردہ غلام تھے۔۔۔

(الف) حضرت عباس رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ **(ج) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ** (د) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ

(89) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے وضو میں اپنے اعضاء کو کتنی کتنی مرتبہ دھویا۔

(الف) ایک ایک مرتبہ (ب) دو دو مرتبہ **(ج) تین تین مرتبہ** (د) ان میں کوئی نہیں

(90) حضرت بلال رضی اللہ عنہ کونسا عمل کرتے تھے۔

**(الف) ہمیشہ باوضو رہنا** (ب) فضول گوئی سے بچنا (ج) کثرت سے صدقہ کرنا (د) روزے رکھنا

(91) جو اچھی طرح وضو کرے اور دل جمعی کے ساتھ دو رکعت ادا کریں تو اس کیلئے۔۔۔۔واجب ہو جاتی ہے۔

(الف) مغفرت (ب) نیکی **(ج) جنت** (د) شفاعت

# کتاب الصلوٰۃ

(92) اگر لوگوں کو پتا چل جائے کہ پہلی صف ور آذان میں کیا اجر ہے تو وہ ضرور۔۔۔

**(الف) قرعہ ڈالیں گے** (ب) تقسیم کاری کریں گے (ج) کچھ نہیں کریں گے (د) پہلے دونوں

(93) جو چیز بھی مؤذن کی آواز سنتی ہے وہ۔۔۔۔۔۔بن جاتی ہے۔

(الف) مسلمان **(ب) گواہ** (ج) انسان (د) نیکی

(94) جب آذان دی جاتی ہے تو شیطان کیسے بھاگتا ہے۔

الف) چیختا ہوا (ب) دوڑتا ہوا **(ج) ہوا خارج کرتا ہوا** (د) منہ چھپاتا ہوا

(95) جب آذان ہوتی ہے تو شیطان کتنی دور بھاگ جاتا ہے۔۔

(الف) 33 میل (ب) 35 میل **(ج) 36 میل** (د) 41 میل

(96) ۔۔۔۔ أطول الناس أعناقا یوم القیامة۔

(الف) المؤمن **(ب) المؤذنون** (ج) الامام (د) المسلم

(97) جب مؤذن آذن کہے تو ہمیں کیا کہنا چاہیے۔

**(الف) اس کی مثل** (ب) درود پاک (ج) خاموش رہنا (د) استغفار

(98) فمن سأل لی الوسیلة حلت له۔۔۔۔۔۔

(الف) الجنة (ب) **الشفاعة** (ج) زیارة (د) الصلوٰة

(99) جس نے آذان کے بعد اس کی دعا پڑھی اس کیلیے قیامت کے دن حلال ہوگئی۔۔۔۔

(الف) جنت (ب) مغفرت (ج) دوذخ **(د) شفاعت**

(100) جب بندہ مسجد میں ہو اور آذان آجائے تو وہ۔۔۔۔ نہ نکلے۔

(الف) سلام کیئے بغیر **(ب) نماز پڑھے بغیر** (ب) وضو کئے بغیر (ج) آذان کا جواب دیئے بغیر

(101) جس نے اللہ کی رضا کی خاطر مسجد بنائی تو اللہ تعالیٰ اس کیلیے۔۔۔۔ جنت میں بنائے گا۔

(الف) ایک درجہ **(ب) گھر** (ج) ایک درخت (د) محل

(102) ایک عورت مسجد میں کیا کیا کرتی تھی۔

**(الف) جھاڑو دیا کرتی** (ب) عبادت کیا کرتی (ج) رویا کرتی (د) دعا مانگا کرتی

(103) جب اس عورت کا وصال ہوا تو اس کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔

(الف) رسول اللہ ﷺ **(ب) صحابہ نے** (ج) خلیفہ نے (د) کسی نے نہیں

(104) رسول اللہ ﷺ نے اس عورت کی نماز جنازہ کیسے پڑھی۔

(الف) اکیلے (ب) لوگوں کے ساتھ **(ج) قبر پر** (د) پڑھی نہیں

(105) رسول اللہ ﷺ نے ایک دن خطبہ کے دوران مسجد میں کیا دیکھ کر غضبناک ہوئے۔

(الف) جانور (ب) تھوک **(ب) بلغم** (ج) نجاست

(106) أن الله قبل وجه أحدكم أذا صلى فلا۔۔۔۔۔ بين يديه۔

**(الف) يبصق** (ب) يسجد (ج) يبول (د) يمشي

(107) مسجد میں تھوکنا کیا ہے۔

(الف) جائز (ب) حرام **(ج) خطاء** (د) بدعت

(108) ایک آدمی مسجد میں کیا تلاش کر رہا تھا۔

**(الف) اپنا اونٹ** (ب) اپنی بکری (ج) اپنا سامان (د) اپنی رقم

(109) جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا اجر کتنا ہے۔

(الف) 30 گنا (ب) 27 گنا (ج) 40 گنا **(د) 25 گنا**

(110) کس قبیلے نے مسجد کے قریب منتقل ہونے کا ارادہ کیا۔

**(الف) بنو سلمہ نے** (ب) بنو سعد نے (ج) اوس وخزرج (د) بنو ہاشم

(111) نماز میں اجر کے اعتبار سے کونسا نمازی سب سے بڑا ہے۔

(الف) جو صحیح نماز پڑھے (ب) جو جلدی آئے **(ج) ان میں سے سب سے دور** (د) کوئی نہیں

(112) انسان کے ہر ہر جوڑ پر۔۔۔۔ ہے۔

**(الف) صدقہ** (ب) نیکی (ج) اجر (د) گناہ

(113) اچھی بات کرنا۔۔۔۔ ہے۔

(الف) گناہ (ب) نیکی (ج) اجر **(د) صدقہ**

(114) ناپسندیدگی کے وقت اچھی طرح وضو کرنے سے کیا ہوتا ہے۔

(الف) خطائیں معاف (ب) درجات بلند (ج) اسراف **(د) پہلے دونوں**

(115) مسجد کی طرف زیادہ قدم چل کر جانے سے کیا ہوتا ہے۔

(الف) خطائیں معاف (ب) درجات بلند **(ج) پہلے دونوں** (د) تھکاوٹ

(116) ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا تمہارے لئے۔۔۔۔ہے۔

**(الف) الرباط** (ب) الخیر (ج) الصدقه (د) الرحمة

(117) اللہ عزوجل جنت میں کس کیلئے دستر خوان لگائے گا۔

(الف) جو کھانا کھلائے (ب) جو صبح مسجد میں کرے (ج) شام مسجد میں کرے **(د) ب اور ج**

(118) اللہ عزوجل کے نزدیک شہر کی سب سے پسندیدہ جگہ کونسی ہے۔

(الف) عدالت **(ب) مسجد** (ج) بازار (د) جنگل

(119) اللہ کے نزدیک شہر کی سب سے ناپسندیدہ جگہ کونسی ہے۔

(الف) عدالت (ب) مسجد **(ج) بازار** (د) جنگل

(120) قیامت کے دن کتنے آدمیوں کو سائیہ عرش نصیب ہو گا۔

(الف) پانچ **(ب) سات** (ج) نو (د) بارہ

(121) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس سے آدمیوں کو تکلیف ہوتی ہے اس سے۔۔۔کو بھی ہوتی ہے۔

**(الف) فرشتوں** (ب) جنوں (ج) مردوں (د) جانوروں

(122) رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص سے پیاز اور لہسن کی بدبو پائی تو اس کو کیا کیا۔

(الف) ڈانٹا (ب) جھڑکا (ج) وضو کروایا **(د) مسجد سے نکال دیا**

(123) کچھ صحابہ نے غزوہ خیبر میں پیاز اور لہسن کھایا کیونکہ وہ۔۔۔۔تھے۔

**(الف) بھوکے تھے** (ب) جنگ میں تھے (ج) مسجد سے باہر تھے (د) علم نہ تھا

(124) قال النبي بني الأسلام علي ۔۔۔۔۔

**(الف) خمس** (ب) سدس (ج) عشر (د) ثلاث

(125) حدیث جبریل علیہ السلام کے راوی کون سے صحابی ہیں۔

(الف) ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ **(ب) عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ** (ج) ابن مسود رضی اللہ عنہ (د) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

(126) الصلاوات الخمس والجمعة ألی الجمعة ۔۔۔۔

(الف) صدقة **(ب) کفارة** (ج) صلة (د) نور

(127) قال رسول الله ﷺ من صلّی الصبح فهو في ۔۔۔ الله۔

**(الف) ذمة** (ب) رحمة (ج) ظل عرشه (د) ان میں کوئی نہیں

(128) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کس کے آزاد کردہ غلام تھے۔

**(الف) آپ ﷺ کے** (ب) حضرت عثمان کے (ج) حضرت عائشہ کے (د) کسی کے نہیں

(129) أقرب مایکون العبد من ربه وهو ۔۔۔۔۔

(الف) صلاۃ (ب) **ساجد** (ج) راکعاً (د) قاعد

(130) جب حضرت ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مانگ مجھ سے تو آپ نے کیا مانگا۔

(الف) کھانا (ب) مغفرت **(ج) جنت میں آپکا ساتھ** (د) دیدار

(131) عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اللہ عزوجل کے نزدیک کونسا عمل پسندیدہ ہے۔ تو آپ نے فرمایا۔۔۔

**(الف) نماز کو وقت پر پڑھنا** (ب) دعا مانگنا (ج) زیادہ صدقہ کرنا (د) سلام کرنا

(132) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر تم اپنے نبی کی سنت کو چھوڑ دو گے تو تم۔۔۔۔ ہو جاؤ گے۔

(الف) مشرک (ب) منافق (ج) بدعتی **(د) گمراہ**

(133) جماعت سے پیچھے رہنا کس کی علامت ہے۔

(الف) مسلمان کی **(ب) منافق کی** (ج) کافر کی (د) گمراہ کی

(134) جس شخص نے۔۔۔ نماز باجماعت پڑھی گویا اس نے آدھی رات قیام کیا۔

(الف) فجر کی (ب) عصر کی **(ج) عشاء کی** (د) مغرب کی

(135) جس شخص نے۔۔۔ نماز باجماعت پڑھی گویا اس نے پوری رات قیام کیا۔

**(الف) فجر کی** (ب) عصر کی (ج) عشاء کی (د) مغرب کی

(136) منافق پر کونسی نماز سب سے بھاری ہے۔

(الف) فجر (ب) عشاء **(ج) پہلے دونوں** (د) کوئی نہیں

(137) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بلاوجہ نماز چھوڑ دیتے ہیں میں چاہتا ہوں کہ انکے۔۔۔ کو جلا دوں۔

(الف) دلوں **(ب) گھروں کو** (ج) کپڑوں کو (د) گھر والوں کو

(138) أجعلوا من صلاتکم فی بیوتکم ولاتتخذوھا۔۔۔۔

**(الف) قبورا** (ب) میّتاً (ج) مرزوقاً (د) مردودا

(139) جس گھر میں اللہ تعالیٰ کا ذکر ہو اس کی مثال۔۔ کی طرح ہے۔

(الف) ویران (ب) مردہ (ج) آباد گھر **(د) زندہ**

(140) جس گھر میں اللہ تعالیٰ کا نہ ذکر ہو اس کی مثال۔۔ کی طرح ہے۔

(الف) زندہ گھر **(ب) مردہ** (ج) ویران گھر (د) آباد

(141) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی۔۔۔۔ دخل الجنۃ۔

**(الف) البردین** (ب) الحمرین (ج) الاسودین (د) المتوسطین

(142) جس نے۔۔۔ نماز چھوڑی اس کا اہل اور مال لٹ گیا۔

(الف) فجر **(ب) عصر** (ج) عشاء کی (د) ظہر

(143) من ترک صلاۃ۔۔۔۔ فقد حبط عملہ۔

(الف) الفجر (ب) المغرب **(ج) العصر** (د) العشاء

(144) مردوں کی سب سے بہترین صف کونسی ہے۔

**(الف) پہلی** (ب) دوسری (ج) آخری (د) درمیانی

(145) عورتوں کی سب بہترین صف کونسی ہے۔۔

(الف) پہلی (ب) دوسری **(ج) آخری** (د) درمیانی

(146) رب تعالیٰ کی بارگاہ میں فرشتے کیسے کھڑے ہوتے ہیں۔

**(الف) صفیں باندھ کر** (ب) سیدھے (ج) ہاتھ باندھ کر (د) جھک کر

(147) صحابہ فرماتے ہیں کہ ہم جب رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تو۔۔۔ کھڑا ہونا پسند کرتے۔

**(الف) دائیں جانب** (ب) بائیں جانب (ج) پیچھے (د) ان میں کوئی نہیں

(148) قال رسول اللہ أنی أبصر من ورائی کما أبصر بین ۔۔۔۔۔

(الف) سماء (ب) رجلین **(ج) یدی** (د) عینین